دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

## یونانی میڈیسن اینڈ الائیڈ سائنسز، جامعہ ملیہ اسلامیہ میں عالمی یوم فارمسسٹ منایا گیا

29 September, 2025

یونانی میڈیسن اینڈ الائیڈ سائنسز،فیکلٹی آف لائف سائنسز، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے مورخہ پچیس ستمبر دو ہزار پچیس کو ڈی ڈی کوشل کیندر سمینار ہال میں بوقت ڈھائی بجے دن سے شام ساڑھے بجے تک عالمی یوم فارمسسٹ منایا۔

قرآن پاک کی روح پرور تلاوت سے پروگرام کا آغاز ہوا جس کے بعد جامعہ کا ترانہ پیش کیا گیا۔ پروفیسر سید نقوی کاظم (کارگزار ڈائریکٹر، یونانی میڈیسن اینڈ الائیڈ سائنسز) نے صحت کی دیکھ بھال کے شعبے میں دوا فرخت کرنے والے اجازت یافتہ شخص کی اہمیت ووقعت کو اجاگر کرتے ہوئے سامعین وحاضرین کا پرخلوص خیر مقدم کیا۔

تعلیمی اجلاس میں دو اہم خطبات ہوئے: پہلا خطبہ پروفیسر محمد ادریس (سابق پرنسپل ثم میڈیکل سپرانٹنڈینٹ ،آیورویدک اینڈ یونانی طبیہ کالج اینڈ ہاسپٹل ،قرول باغ) نے دیا جس میں انہوں نے موجودہ دیکھ بھال کے شعبے میں فارمسسٹ کے روزافزوں کردار پر زور دیا۔

دوسرا خطبہ ڈاکٹر اسد رضا زیدی (سابق سی ایم یو(ایس اے جی) یوایم ایس ڈی،سی جی ایچ ایس) نے پیش کیا جو یونانی میڈیسن اورالائیڈ سائنسز میں فارمیسی کی خدمات پر مرکوز تھا۔

لیکچرس کے بعد سوال وجواب کا سیشن ہوا جس میں طلبہ نے سرگرمی کے ساتھ شرکت کی اور موضوع سے متعلق اپنے تجسس اور دلچسپی کا اظہار کیا۔علاوہ ازیں پروگرام کے دوران متعدد سرگرمیوں کی انعقاد سے طلبہ نے اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔

ڈاکٹر طیبہ رازق نے معزز مقررین،شرکا اور منتظمین کی خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے سب کا شکریہ ادا کیا۔ پروگرام میں ڈاکٹر سلمی بی، ڈاکٹر فوزیہ یعقوب، ڈاکٹر عنبرین خانم سمیت آفس اسٹاف دلشاد خان، سید فرحان بھی شریک رہے۔

پروگرام کے اخیر میں قرآن پاک کی تلاوت ہوئی جس نے سامعین میں فارمیسی جیسے مقدس پیشے کے تئیں احساس کی تحریک کے ساتھ اس کے لیے پابند عہد ہونے کا جذبہ پیدا کیا۔

**پروفیسر صائمہ سعید**

افسر اعلیٰ،تعلقات عامہ